# آزاد جموں وکشمیر انٹر میڈیٹ وثانوی تعلیمی بورڈ میرپور

## ﴿پریس ریلیز﴾

جملہ متعلقین کی اطلاع کے لیے مشتہر کیا جاتا ہے کہ امتحان ثانوی سیکنڈ اینول **2025**ء جماعت نہم کا آغاز ان شاء اللہ مورخہ **03** نومبر **2025**ء بروز پیر سے ہو رہا ہے جس کے لیے ڈیٹ شیٹ جاری کر دی گئی ہے۔اس سلسلہ میں **Online** سسٹم کے تحت ریگولر /پرائیویٹ اُمیدواران کی رول نمبر سلپس بورڈ کی ویب سائیٹ **www.ajkbise.edu.pk** یا **www.ajkbise.net** سے **Download** کرنے کی سہولت مورخہ **23** اکتوبر **2025**ء بروز جمعرات بوقت **03:30** بجے سے دی جا رہی ہے۔ پرائیویٹ اُمیدواران اپنی رول نمبر سلپس بورڈ کی ویب سائیٹ سے رجسٹریشن نمبر یا اپنے ایپ نمبر (**جو کہ اُمیدواران کے فیس چالان پر درج ہے**) کی مدد سے **Download** کر کے پرنٹ حاصل کر سکیں گے جبکہ ریگولر اُمیدواران کی رول نمبر سلپس ادارہ جات کے **Login Panel** میں دستیاب ہوں گی۔ اُمیدواران رول نمبر سلپس کا پرنٹ حاصل کرنے کے بعد سلپ پر درج کوائف (**جس میں نام، ولدیت، امتحانی مرکز، مضامین، تصویر اور وقت**) وغیرہ کی اچھی طرح بغور پڑتال کر لیں۔کسی بھی غلطی کی صورت میں کنٹرولر امتحانات کے فون نمبر **05827-960038** اور شعبہ کمپیوٹر کے فون نمبر **05827-960070/960071** پر رابطہ کرتے ہوئے مطلوبہ درستی کروائیں۔ اگر کسی وجہ سے کسی اُمیدوار کا **(Record not Found)** آ رہا ہے تو اس صورت میں داخلہ فیس کا اصل بینک چالان ہمراہ فارم داخلہ کی ہارڈ کاپی امتحان شروع ہونے سے قبل صدر دفتر **AJK BISE** میرپور میں فوری پیش کر کے رول نمبر جاری کروائے۔

**بدوں رول نمبر کسی امیدوار کو شامل امتحان ہونے کی اجازت نہ ہوگی۔**

**کنٹرولر امتحانات**

**نمبر بورڈ/ ثانوی امتحانات/ 101419-29/ مورخہ 23-10-2025**

**نقل بالا بخدمت:**

1۔ پرائیویٹ سیکریٹری ہمراہ جناب چیئرمین بورڈ۔
2۔ جناب سیکرٹری بورڈ۔
3۔ سیکریسی آفیسر بورڈ بغرض کارروائی۔
4۔ ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر صاحب میرپور برائے اشاعت بطور خبر در قومی اخبارات۔
5۔ سسٹم انالسٹ صاحبہ بورڈ ہذا بغرض کارروائی **Upload** بطور خبر۔
6۔ پروگرام مینیجر صاحب بورڈ ہذا۔
7۔ ڈیٹا سپروائزر شعبہ کمپیوٹر بغرض ترسیل خبر بذریعہ ای میل۔
8۔ ریجنل ڈائریکٹر صاحب آزاد کشمیر ریڈیو مظفرآباد/ تراڑکھل/ میرپور۔
9۔ انچارج صاحبان علاقائی دفاتر مظفرآباد/ راولاکوٹ۔
10۔ آفس ریکارڈ/ مسل متعلقہ/ نوٹس بورڈ۔

D//Press Release-2025 -20